روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 12 جنوری 2009ء 14 محرم 1430 ہجری 12 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 8

صحت دولت سے بہتر ہے

حضرت خبیبؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی مجلس میں دولت وثروت کا ذکر کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا اگر دولت تقویٰ کے ساتھ ہو تو کوئی حرج نہیں اور متقی کے لئے اس کی صحت دولت سے بہتر ہے اور دل کی خوش بھی ایک بڑی نعمت ہے۔

(سنن ابن ماجه کتاب التجارات الحث علی المکاسب حدیث نمبر :3132)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''تداخل طعام درست نہیں ہے یعنی ایک کھانا کھایا پھر کچھ اور کھالیا پھر کچھ اور۔ اس کا نتیجہ یہی ہوگا کہ سوءِ ہضم ہو کر ہیضہ یا تپ یا کسی اور بیماری کی نوبت آئے''۔

(ملفوظات جلد دوم صفحه 81)

''حکیم لکھتے ہیں کہ ریاضت بدنی ادویہ کی مشق سے بہتر ہوتی ہیں''۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحه 290)

''ہر ایک شخص چاہتا ہے کہ اس کی عمر دراز ہو.......... قرآن شریف نے ایک اصول بتایا ہے.......... (الرعد:18) یعنی جو نفع رساں وجود ہوتے ہیں ان کی عمر دراز ہوتی ہے.......... ہمدردی خلائق یہی ہے کہ محنت کر کے دماغ خرچ کر کے ایسی راہ نکالے کہ دوسروں کو فائدہ پہنچا سکے تا کہ عمر دراز ہو''۔

(ملفوظات جلد دوم صفحه 221)

''انسان کو لازم ہے کہ وہ (-) (لوگوں میں بہتر ہے وہ جو انہیں نفع پہنچاتا ہے) بننے کے واسطے سوچتا رہے اور مطالعہ کرتا رہے۔ جیسے طبابت میں حیلہ کام آتا ہے اسی طرح نفع رسانی اور خیر میں بھی حیلہ ہی کام دیتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ انسان ہر وقت اس تاک اور فکر میں لگا رہے کہ کس راہ سے دوسرے کو فائدہ پہنچا سکتا ہے''

(ملفوظات جلد اول صفحه 353)

حضرت اقدس نے 14 جون 1902ء کی مجلس عرفان میں پان، حقہ، زردہ، تمباکو افیون وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ: ''عمدہ صحت کو کسی بے ہودہ سہارے سے کبھی ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ شریعت نے خوب فیصلہ کیا ہے کہ ان مضر صحت چیزوں کو مضر ایمان قرار دیا ہے اور ان سب کی سردار شراب ہے۔

(ملفوظات جلد دوم صفحه 219)

دارالضیافت میں خالی آسامیاں

❁ مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر دارالضیافت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

دارالضیافت میں حسب ذیل دو خالی آسامیوں کے لئے خدمت کا شوق رکھنے والے تجربہ کار نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ تجربہ کم از کم پانچ سال اور عمر 30 سال سے زائد نہ ہو۔ اپنی درخواستیں مکرم صدر صاحب محلّہ کی سفارش کے ساتھ لے کر خاکسار کو فوری ملیں۔

(1) باورچی (2) الیکٹریشن

فری طبی معائنہ

(اکتوبر تا 31 دسمبر 2008ء)

❁ مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب النصرت چلڈرن کلینک ریلوے روڈ ربوہ نے واقفین نو بچے بچیوں کا طبی معائنہ کیا اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اپنی حفظ وامان میں رکھے اور وقف نو بچوں اور بچیوں کو لمبی صحت والی زندگی عطا کرے اور خدمت دین کی زیادہ سے زیادہ توفیق دے۔ آمین

نصرت آباد عقب بیت اقصیٰ 32، دارالصدر شمالی ہدیٰ 25، فیکٹری ایریا احمد 22، لالیاں 8، دارالصدر غربی لطیف 53 مختلف محلّہ جات 67 اور النصرت چلڈرن کلینک پر 72 واقفین نو کا طبی معائنہ کیا۔

(وکیل وقف نو)

نمایاں اعزاز

❁ عزیزم مصور نواز واقف نو ابن مکرم محمد نواز صاحب دارالصدر غربی قمر ربوہ نے ڈسٹرکٹ لیول پر ہونے والے مقابلہ جات اردو Debate میں تیسری پوزیشن حاصل کی اور دس ہزار روپے انعام اور میرٹ سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ یہ اعزاز موصوف کیلئے مبارک فرمائے اور آئندہ مزید نمایاں کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

(وکیل وقف نو)

افتتاح لجنہ اماء اللہ بلاک و آغاز کھدائی مردانہ ہال

جماعت احمدیہ اسلام آباد

بیت الذکر اسلام آباد کے توسیعی منصوبے کے تحت لجنہ اماء اللہ بلاک کے افتتاح اور اگلے مرحلہ میں مردوں کے لئے (Basement Hall) کی تقریب بنیاد (کھدائی) مورخہ 11 نومبر 2008ء عمل میں آئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس اہم تقریب کے افتتاح کے لئے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ کو خصوصی نمائندہ مقرر فرمایا۔ آپ کے علاوہ مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان و صدر مجلس انصاراللہ پاکستان، مکرم شیخ مبارک احمد صاحب ناظر مال آمد اور قریبی اضلاع کے امراء صاحبان مکرم چوہدری فضل الرحمٰن صاحب (راولپنڈی) اور مکرم مختار احمد ملہی صاحب (گوجرانوالہ) تشریف لائے نیز راولپنڈی اسلام آباد سے معزز مہمانوں کی کثیر تعداد شامل ہوئی۔

دوپہر سوا بارہ بجے تقریب کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم اور ترجمہ کے بعد محترم منیر احمد فرخ صاحب امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے بیت الذکر اسلام آباد کی مختلف ادوار میں تعمیر، مرحلہ وار توسیع منصوبہ جات کی تکمیل کی تاریخ بیان کی۔ جس میں CDA کی جانب سے F-7/3 کے علاقہ میں جولائی 1968ء میں پلاٹ کی الاٹمنٹ، اس پلاٹ پر تعمیر کا آغاز اور شروع ہی سے بیت الذکر کی تعمیر میں مخالفین کی جانب سے مخالفت اور تعمیر کے کام میں رکاوٹوں کو کھڑا ہوجانا اور ہائی کورٹ میں مقدمہ بازی کی وجہ سے اصل تعمیراتی کاموں کی تکمیل میں غیر معمولی عرصہ کا لگ جانا اور بالآخر طویل قانونی کاوشوں کے بعد محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور خلفائے احمدیت کی دعاؤں کی برکت سے مختلف ادوار میں تعمیراتی کاموں کی تکمیل و توسیع کی مختصر تاریخ شامل تھی۔

فیز (i) کے تحت مربی ہاؤس، فضل عمر لائبریری، گیسٹ ہاؤس، کارکنان کے لئے رہائش گاہ وغیرہ کی تعمیر۔

فیز (ii) میں دفاتر (ایڈمنسٹریٹو بلاک) واش رومز وضو کے لئے جگہ و پانی کا انتظام

فیز (iii) میں دفتر امیر، کانفرنس ہال، طاہر ڈسپنسری (ہومیو و میڈیکل) MTA Studio اور مین ہال سے ملحقہ چھوٹے ہالز کا اضافہ۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ فیز (i) اور (ii) کی تعمیر و تکمیل حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ (اس وقت ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ ربوہ) کے ہاتھوں سے سرانجام پائی۔

فیز (iv) 2003ء میں لجنہ اماء اللہ بلاک کے ہالز کی تعمیر کا آغاز ہوا۔ مگر بوجوہ یہ کام تین سال رکا رہا بعد میں اس فیز پر از سرنو کام کا آغاز دسمبر 2007ء میں ہوا اور لجنہ بلاک کے دو ہالز مکمل ہوئے۔ علاوہ ازیں دفاتر لجنہ اماء اللہ، ریسٹ روم، چھوٹے بچوں والی خواتین کے لئے چلڈرن روم جس کا ایک حصہ شیشے کا (Glass Front) ہے، ہر دو ہالز میں علیحدہ وضو کے لئے انتظام، نیز بیت الذکر میں (Close Circuit TV) جدید لاؤڈ سپیکر و جنریٹر کی سہولت بھی شامل ہیں۔ دونوں ہالز میں (Wall to Wall) دیدہ زیب کارپٹ بھی بچھایا گیا ہے۔

فیز (v) میں آئندہ انشاء اللہ مردوں کے لئے (Basement Hall) کی تعمیر کی جائے گی اور فیز (vi) میں بیرونی شہروں سے آنے والے طالب علموں کے لئے ایک ہاسٹل کی تعمیر کی جائے گی۔

محترم امیر صاحب نے بیت الذکر کی تعمیر و توسیع کے کاموں میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے احباب و انجینئر صاحبان جن میں خصوصی طور پر جناب نواز منہاس صاحب، مکرم میجر (ر) جاوید منہاس صاحب (مرحوم) مکرم شیخ تنویر احمد صاحب (Arch) مکرم مظفر احمد صاحب (Structural Engr) آف راولپنڈی، مکرم کرنل نصیر احمد صاحب و مکرم ایوب احمد ظہیر صاحب اسلام آباد شامل ہیں، کا ذکر کیا۔

علاوہ ازیں غیر معمولی قربانی پیش کرنے والے خصوصی افراد کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ لجنہ بلاک کے لئے ایک ہال کے مکمل اخراجات مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب نے اپنی والدہ محترمہ امۃ الحفیظ بیگم کی طرف سے ادا کئے ہیں۔ اسی نسبت سے ایک ہال کا نام امۃ الحفیظ بیگم ہال تجویز کیا گیا ہے۔ امیر صاحب نے محترم آر۔ ڈی احمد صاحب جو حضرت خلیفہ رشید الدین صاحب مرحوم کے پوتے ہیں کی مالی قربانی کا بھی ذکر کیا نیز برادران شکیل احمد صاحب اور نعیم احمد صاحب (آف سٹار ماربلز) کا بھی خاص ذکر کیا، جنہوں نے بیت الذکر اسلام آباد کے کل تعمیری پروگرام میں تمام ماربل بطور عطیہ پیش کیا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگلے فیز (v) میں بننے والے مردانہ ہال کی تعمیر کے جملہ اخراجات برادران مکرم شکیل احمد صاحب اور مکرم شاہد احمد خلیل صاحب نے اپنے والد محترم شیخ خلیل احمد صاحب مرحوم کی طرف سے ادا کرنے کی ذمہ داری لی ہے۔ اس لحاظ سے اس ہال کا نام خلیل ہال تجویز کیا گیا ہے۔ امیر صاحب نے فرمایا کہ تمام احباب اور خواتین جنہوں نے 50 ہزار روپے یا اس سے زائد عطیہ جات ادا کئے ہیں ان کے نام بیت الذکر اسلام آباد کی مین اینٹرنس پر یادگاری تختی پر بغرض دعا کندہ کئے جائیں گے۔

آخر میں مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے موثر خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ بیت الذکر کی تعمیر و توسیع حضرت اقدس مسیح موعود کے الہام "وسع مکانک" کے عین مطابق ہے۔ گزشتہ سوسال میں پانچوں خلفاء کرام کے بابرکت ادوار میں اندرون و بیرون ملک جماعتی عمارات کی تعمیر و توسیع و بیوت الذکر میں اضافہ ہوا ہے۔ حضرت مصلح موعود کے دور میں بعد از ہجرت مرکز ربوہ کا قیام اور شاندار جماعتی تعمیرات سکولز، کالجز، ہسپتالوں کی تعمیر اور بے شمار تعمیراتی منصوبے اس الہام کی برکت اور اس کے پورا ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یہ پیشگوئی نہ صرف ہمارے لئے ازدیاد ایمان کا باعث بلکہ ہر لحاظ سے دنیا کے کونے کونے میں ترقی پذیر ہے۔

آپ نے فرمایا کہ اصل پہلو کو ضرور مدنظر رکھنا چاہئے کہ فخر و مباہات کا پہلو نہ آئے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ وہ ہمیں باوجود ہماری کمزوریوں کے ترقی کے مواقع دیتا چلا جاتا ہے۔ اصل اور بنیادی چیز تقویٰ اور صدق دل سے عبادات کرنا ہے۔ اللہ کرے کہ اس بیت کو اور تمام دیگر بیوت کو عبادت گزار بندے ملیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرنے والے ہوں۔ آمین

اس کے بعد مکرم خالد سیف اللہ صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ اسلام آباد نے تقریب کے اگلے پروگرام کی تفصیل بیان کی۔ بعدازاں حسب پروگرام محترم ناظر صاحب اعلیٰ صاحب و دیگر مہمان گرامی لجنہ بلاک کے معائنہ کیلئے تشریف لے گئے اور لجنہ بلاک کا باقاعدہ افتتاح فرمایا اور دعا کرائی۔ لجنہ ہالز، دفاتر و دیگر جگہوں کو دیکھنے کے بعد اس مقام پر تشریف لائے جہاں مردانہ ہال کے لئے تقریب بنیاد (کھدائی) ہونا تھی۔ وہاں پر سب سے پہلے چار بکرے بطور صدقہ و شکرانہ ذبح کئے گئے۔ بعدازاں محترم ناظر صاحب اعلیٰ نے مردانہ ہال کی تعمیر کے لئے اپنے ہاتھ سے کھدائی کا آغاز کیا۔ آپ کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان، مکرم شیخ مبارک احمد صاحب ناظر مال آمد، مکرم منیر احمد فرخ صاحب امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد اور مکرم شکیل احمد شیخ صاحب ابن محترم شیخ خلیل احمد صاحب مرحوم نے بھی بنیاد (کھدائی) میں حصہ لیا۔

بعد میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے دعا کروائی۔

سٹیج سیکرٹری کے فرائض مکرم خالد سیف اللہ صاحب جنرل سیکرٹری نے سرانجام دیئے۔ آخر میں تمام مہمانان گرامی اور مدعوین نے ظہرانے میں شرکت کی۔ اس دوران مدعو خواتین جن میں محترمہ صاحبزادی امۃ الوحید بیگم صاحبہ کے علاوہ خاندان حضرت اقدس مسیح موعود کی بعض دیگر خواتین بھی شامل تھیں، لجنہ بلاک کو دیکھنے کے لئے جاتی رہیں۔ خواتین کیلئے علیحدہ ظہرانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اڑھائی بجے نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کے بعد یہ پروقار اور یادگاری تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

سانحہ ارتحال

❁ مکرم پروفیسر ڈاکٹر ملک رب نواز مجوکہ صاحب سرگودھا میں مورخہ 17 دسمبر 2008ء کو بقضائے الٰہی بعمر 77 سال انتقال فرما گئے۔ مورخہ 19 دسمبر 2008ء کو نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد آپ کی نماز جنازہ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے بیت الاقصیٰ ربوہ میں پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب ہی نے دعا کروائی۔ مرحوم کی شادی حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد مرحوم کی سب سے چھوٹی بیٹی محترمہ نعیمہ درد صاحبہ کے ساتھ ہوئی تھی۔ آپ نے فلاسفی پولیٹیکل سائنس اور مسلم ایجوکیشن فلاسفی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری امریکہ سے حاصل کی۔ لمبا عرصہ یونیورسٹی آف وسکانسن میں پروفیسر کے فرائض سرانجام دیتے رہے مرحوم Aibany کی جماعت قائم کرنے والے اولین چند افراد میں سے تھے اور کئی سال تک اسی جماعت کے لئے سیکرٹری مال کے طور پر بھی خدمات بجالاتے رہے۔ Wisconsin میں ہفتہ اتوار کو گرجا گھروں میں احمدیت پر لیکچر دیا کرتے تھے۔ جماعت احمدیہ امریکہ کے جلسہ سالانہ کے موقع پر تقاریر کی توفیق بھی ملتی رہی۔ مرحوم چندوں کی ادائیگی میں پیش پیش رہتے اقوام متحدہ میں دو سال تک افریقن افیئرز کے ڈائریکٹر رہے۔ مرحوم نے بیوہ کے علاوہ ایک بیٹی اور تین بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت سے مرحوم کے درجات کی بلندی اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

سجدہ کرنے کے طبی فوائد

نماز پڑھنے کے دوران سجدہ کرنے سے جہاں بہت سے روحانی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ وہاں طبی نقطہ نگاہ سے بھی اس کے کئی فوائد ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

ریڑھ کی ہڈی میں حرام مغز ایسی تار ہے۔ جس کے ذریعے پورے جسم کو زندگی ملتی ہے۔ سجدہ کرنے سے خون کا بہاؤ جسم کے اوپر والے حصوں کی طرف ہوتا ہے۔ جس سے آنکھیں، دانت اور پورا چہرہ مستفیض ہوتا رہتا ہے اور چہرے کی جھریاں دور ہوتی ہیں۔ یادداشت درست کام کرتی ہے اور عقل و دانش میں اضافہ ہوتا ہے۔ انسان کے اندر تدبر کی عادت بڑھ جاتی ہے۔ اچھے طریقے سے سجدہ کرنے سے بند نزلہ، ثقل سماعت اور سردرد جیسی تکلیفوں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور لمبی صحت والی فعال زندگی عطا کرے۔ آمین

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ برطانیہ 2008ء

5 جماعتوں کا دورہ، سکنتھورپ میں خطبہ جمعہ۔ بریڈفورڈ میں بیت المہدی کا افتتاح

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

﴿قسط اول﴾

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صد سالہ خلافت جوبلی کا سال 2008ء انتہائی تاریخ ساز اور غیر معمولی اہمیت کا حامل سال ہے جو اپنے اندر لا انتہا برکتیں لئے ہوئے ہے اور ہر آنے والا دن پہلے سے بڑھ کر کامیابیوں کے ساتھ طلوع ہو رہا ہے۔ عظیم الشان فتوحات کے دروازے کھل رہے ہیں اور ہر سُو، ملک ملک، قریہ قریہ ایک انقلاب برپا ہے۔ احمدیت کا پیغام جس شان سے اور جس تیزی سے دنیا بھر کے پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ دنیا کے کونے کونے میں پہنچ رہا ہے۔ اس روئے زمین پر پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا اور انسانی آنکھ نے ایسے نظارے پہلے کبھی نہیں دیکھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس سال خصوصیت کے ساتھ صد سالہ خلافت جوبلی کے جلسوں میں بنفس نفیس شمولیت کے لئے مختلف ممالک کے سفر اختیار فرمائے۔ جہاں ان ممالک کے سالانہ جلسوں میں شمولیت فرمائی وہاں وقت کی مناسبت سے بعض بیوت الذکر کا افتتاح بھی فرمایا۔

متعدد ممالک میں بیوت الذکر کا افتتاح

اپریل 2008ء میں حضور انور نے غانا، نائیجیریا اور بینن کے ممالک کا سفر اختیار فرمایا۔ ان ممالک کے تاریخ ساز جلسوں میں شمولیت کے علاوہ غانا میں احمدیہ سیکنڈری سکول Potsin کی بیت کا افتتاح فرمایا۔ نائیجیریا میں حضور انور نے ملک کے دارالحکومت ابوجہ (Abuja) میں جماعت کی وسیع و عریض مرکزی بیت مبارک کا افتتاح فرمایا۔ نیز دوران سفر ابادان Ibadan اور Ipokia کی جماعتوں میں 2 بیوت کا افتتاح فرمایا۔ پھر تیسرے ملک بینن میں پورتونووو (Portonovo) میں جماعت کی مرکزی بیت المہدی کا افتتاح فرمایا۔

جون اور جولائی 2008ء میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امریکہ اور کینیڈا کا دورہ فرمایا اور دونوں ممالک کے تاریخ ساز جلسوں میں شرکت فرمائی۔ واشنگٹن امریکہ کی مرکزی بیت، بیت الرحمٰن کی توسیع کا معائنہ فرمایا اور کیلگری کینیڈا میں جنوبی امریکہ کی سب سے بڑی بیت، بیت نور کا افتتاح فرمایا۔ جس میں ملک کینیڈا کے وزیراعظم نے بھی شرکت کی اور اس افتتاحی تقریب کو دنیا بھر کے میڈیا نے جس رنگ میں Cover کیا اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔

پھر اسی سال اگست 2008ء میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جرمنی کے جلسہ سالانہ میں شرکت فرمائی اور اپنے اس سفر کے دوران Stade، Honnover، Weil Der Stadt اور Rodgau کے مقام پر نئی تعمیر ہونے والی چار بیوت کا افتتاح فرمایا۔

پھر قریباً ایک ہی ماہ بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرانس، ہالینڈ، جرمنی اور بیلجیئم کے ممالک کا سفر اختیار فرمایا۔

فرانس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرانس کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی پہلی احمدیہ بیت، بیت مبارک کا افتتاح فرمایا۔ اس بیت کی افتتاحی تقریب کا چرچا الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ دنیا بھر میں ہوا اور خصوصاً دنیا کے فرنچ ممالک میں میڈیا کئی روز تک اس بیت کے افتتاح کی خبریں دیتا رہا۔

ہالینڈ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جہاں ان کے سالانہ جلسہ میں شرکت فرمائی وہاں ہالینڈ کے شہر ایمسٹرڈم میں خریدے جانے والے جماعتی سنٹر بیت المحمود کا بھی معائنہ فرمایا۔ پھر حضور انور نے برلن (جرمنی) کا تاریخ ساز سفر اختیار فرمایا اور سابقہ مشرقی جرمنی میں برلن کے شہر میں تعمیر ہونے والی پہلی بیت، بیت خدیجہ کا افتتاح فرمایا۔ بیت کے افتتاح کی اس تقریب نے دنیا بھر کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں جگہ لی اور ملک ملک شہر شہر گاؤں گاؤں اس بیت کی تعمیر کا اس قدر چرچا ہوا کہ شاید ہی دنیا میں کسی بیت کی تعمیر کو اتنی شہرت ملی ہو۔ پھر بیلجیئم میں حضور انور نے مجلس انصاراللہ بیلجیئم کے سالانہ اجتماع سے اختتامی خطاب فرمایا۔

جہاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیرونی ممالک کے سفر فرمائے وہاں اسی تاریخی سال میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے برطانیہ میں، اندرون ملک مختلف جماعتوں میں نئی تعمیر ہونے والی بیوت اور جماعتی سنٹرز کے افتتاح کے لئے سفر اختیار فرمایا۔

آغاز سفر

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے اس سفر پر 5 نومبر 2008ء بروز بدھ روانہ ہوئے۔ پروگرام کے مطابق پونے تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ احباب جماعت مرد و خواتین اپنے پیارے آقا کو الوداع کہنے کے لئے جمع تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور دعا کروائی اور پانچ گاڑیوں پر مشتمل قافلہ برطانیہ کے شمال مشرق میں آباد شہر Scunthorpe کے لئے روانہ ہوا۔

سکنتھورپ جماعت میں آمد

لندن سے اس شہر کا فاصلہ 199 میل ہے۔ ٹریفک رش کی وجہ سے سفر میں زیادہ وقت لگا اور رات قریباً پونے آٹھ بجے صدر جماعت Scunthorpe ڈاکٹر مظفر احمد صاحب کے گھر آمد ہوئی۔ یہاں حضور انور کا قیام ڈاکٹر مظفر صاحب کے گھر پر تھا۔ نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی کا انتظام بھی رہائش گاہ پر ہی کیا گیا تھا۔ سوا آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

پُرفضا مقام پر آباد Scunthorpe کا یہ شہر 72 ہزار سے زائد نفوس کو سموئے ہوئے ہے۔ یہاں جماعت کا باقاعدہ قیام 1998ء کو ہوا اور ڈاکٹر مظفر احمد صاحب ہی اس کے پہلے صدر بنے۔ یہاں کی جماعت زیادہ تر ڈاکٹرز احباب پر مشتمل ہے۔ سال 2001-02ء میں یہاں کی مقامی جماعت نے اپنے طور پر فنڈز اکٹھے کر کے قریباً ایک لاکھ پاؤنڈز کی لاگت سے ایک عمارت بطور جماعتی سنٹر خریدی۔ جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بیت ......رکھا۔

یہ جماعتی سنٹر Kings Way Park کے علاقہ میں ہے اور قدرے بلندی پر ہونے کی وجہ سے سامنے کی مین سڑک سے ہر گزرنے والے کو دور سے نظر آتا ہے۔ اس سنٹر میں نماز کے لئے مردوں اور خواتین کے لئے علیحدہ علیحدہ ہال ہیں۔ اس کے علاوہ 2 دفاتر اور لائبریری ہے۔ جماعتی کچن کی سہولت بھی حاصل ہے۔

یہاں کے لوکل BBC TV نے اس سال رمضان المبارک کے حوالہ سے ایک ڈاکومنٹری پروگرام تیار کیا تھا جس میں جماعت کے اس سنٹر میں نداء دیتے ہوئے، نماز پڑھتے ہوئے اور اعتکاف بیٹھے دکھایا گیا تھا۔ اس طرح لوکل ٹی وی پر جماعت کا پیغام اس سارے علاقہ میں پہنچا اور اس جماعتی سنٹر کا تعارف ہوا۔

6 نومبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پروگرام کے مطابق رہائش گاہ پر جو حصہ نماز کے لئے تیار کیا گیا تھا وہاں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ قریبی علاقوں میں رہائش پذیر احباب بھی نماز میں شامل ہوئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائی۔ پچھلے پہر بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

احباب سے ملاقات

سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور پروگرام کے مطابق جماعتی سنٹر بیت...... کے لئے روانگی ہوئی۔ سوا سات بجے حضور انور بیت...... پہنچے۔ جہاں حضور انور نے مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے احباب کا حال دریافت فرمایا اور سبھی نے باری باری حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچوں اور بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ حضور انور کچھ دیر کے لئے خواتین کے حصہ کی طرف بھی تشریف لے گئے جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔ آخر پر احباب نے حضور انور کے ساتھ اجتماعی تصویر بنوانے کی سعادت بھی پائی۔ حضور انور نے خصوصاً نوجوانوں سے ان کی تعلیم کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ بعضوں نے بتایا کہ وہ یونیورسٹی کے آخری سال میں ہیں۔ لاہور پاکستان سے آنے والے ایک نوجوان نے بتایا کہ وہ IT میں مزید تعلیم کے حصول کے لئے آئے ہیں۔

اجتماعی تصویر کے بعد حضور انور مشن ہاؤس سے باہر تشریف لے آئے اور نئے تیار ہونے والے سپورٹ ہال کا معائنہ فرمایا۔ کار گیراج کو بعض تبدیلیوں کے ساتھ سپورٹ ہال میں تبدیل کیا گیا ہے۔

آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

7 نومبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔

بریڈفورڈ روانگی

آج پروگرام کے مطابق بریڈفورڈ میں تعمیر ہونے والی پہلی احمدیہ بیت، بیت المہدی کے افتتاح کے

لئے بریڈفورڈ کے لئے روانگی تھی۔

صبح 11 بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی اور قافلہ بریڈفورڈ (Bradford) کے لئے روانہ ہوا۔ Scunthorpe سے بریڈفورڈ کا فاصلہ 62 میل ہے۔ سوا بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بیت المہدی بریڈفورڈ میں ورود مسعود ہوا۔ بریڈفورڈ اور اردگرد کی جماعتوں سے آئے ہوئے احباب جماعت مرد وخواتین اور بچوں، بچیوں نے بڑی تعداد میں اپنے پیارے آقا کا استقبال کیا۔ احباب نے بڑے پُرجوش اور ولولہ انگیز نعرے بلند کئے اور بچیوں نے استقبالیہ گیت پیش کئے۔ آج اس شہر کے یہ مکین خوشی ومسرت سے معمور تھے۔ ان کی زندگیوں میں یہ انتہائی مبارک اور بابرکت دن آیا تھا کہ ان کی یہ وسیع وعریض انتہائی خوبصورت بیت اپنی تکمیل کو پہنچی تھی اور حضور انور کا بابرکت وجود ان کے درمیان موجود تھا۔ اس سعادت پر ہر ایک کا سر اللہ کے حضور جھکا ہوا تھا۔

حضور انور بیت کے بیرونی گیٹ سے باہر ہی گاڑی سے نیچے اتر آئے اور ہاتھ ہلا کر احباب کے نعروں کا جواب دیتے رہے۔

بیت المہدی کا افتتاح

بیت المہدی شہر کی سب سے اونچی پہاڑی پر واقع ہے اور شہر کے مختلف حصوں سے نظر آتی ہے اور پھر بیت کے بیرونی احاطہ سے سارا شہر بھی نظر آتا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت کے بیرونی احاطہ سے شہر کا نظارہ کیا اور صدر صاحب جماعت بریڈفورڈ ساؤتھ نے بتایا کہ فلاں فلاں جگہ دوسروں کی بیوت کا کچھ حصہ یہاں سے نظر آتا ہے۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کی بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور پھر نیچے ہال میں تشریف لے گئے اور ہال کا معائنہ فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت المہدی میں آمد، استقبال کے مناظر اور نقاب کشائی کی تقریب کو BBC ٹیلیویژن نے Live نشر کیا۔ مقامی BBC ریڈیو نے بھی Live پروگرام پیش کیا۔

برطانیہ کی سرزمین پر پہلی بار یہ واقع ہوا کہ BBC ٹیلیویژن نے کسی جماعتی تقریب یا پروگرام کو Live ٹیلی کاسٹ کیا۔

ہال کے معائنہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت سے ملحقہ رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

بیت المہدی کی تعمیر کے لئے بریڈفورڈ میں شہر کی سب سے اونچی پہاڑی پر 0.6 ایکڑ (پانچ کنال) جگہ 1999ء میں خریدی گئی اور اسی سال مقامی کونسل نے بیت کی تعمیر کی اجازت دے دی۔ 2 اکتوبر 2004ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کا سنگ بنیاد رکھا۔ نومبر 2006ء میں اس کی باقاعدہ تعمیر کا آغاز ہوا اور صرف دو سال کے عرصہ میں اس خوبصورت بیت کی تعمیر مکمل ہوئی۔

اس بیت کا کل رقبہ 2194 مربع فٹ ہے اور یہ بیت تین بڑے ہالوں پر مشتمل ہے۔ سب سے اوپر والا ہال مردوں کے لئے ہے اور درمیان میں خواتین کے لئے ہال ہے اور سب سے نیچے والا ہال مختلف پروگراموں کے انعقاد کے لئے ہے۔

بیت کے گنبد کا قطر 6.8 میٹر ہے اور بیت کے چار مینار ہیں۔ دو بڑے میناروں کی اونچائی چھت کے اوپر سے 6.5 میٹر اور دو چھوٹے میناروں کی اونچائی 2.5 میٹر ہے۔

ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت المہدی تشریف لائے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ بریڈفورڈ کی سرزمین پر یہ پہلا ایسا خطبہ تھا جو MTA پر Live نشر ہوا۔ آج اس خطبہ جمعہ کے ساتھ بریڈفورڈ میں اس پہلی بیت کا افتتاح بھی ہو رہا تھا۔

خطبہ جمعہ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد سورۃ ابراہیم کی آیت 32 کی تلاوت فرمائی۔

حضور انور نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ آج بریڈفورڈ کی جماعت کو بھی بیت بنانے کی توفیق ملی ہے۔ اس علاقے میں تعمیر ہونے والی جماعت احمدیہ کی یہ پہلی بیت ہے۔ یہ بیت شہر کی کافی اونچائی پر واقع ہے۔ جہاں سے سارا شہر نظر آتا ہے اور سارے شہر سے یہ بیت نظر آتی ہے۔ اس لحاظ سے اس بیت کی ایک نمایاں حیثیت ہوگئی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس بیت کی تعمیر پر 23 لاکھ پاؤنڈ خرچ ہوئے ہیں اور تقریباً 600 مردوں اور 600 خواتین کی گنجائش کے دو بڑے ہال ہیں۔ لجنہ اماء اللہ یوکے اور خدام الاحمدیہ یوکے نے بھی اس کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر چندے دیئے ہیں اور پھر لوکل جماعت بریڈفورڈ نے بھی کافی قربانی کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزا دے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جس مقصد کے لئے اس گھر کی تعمیر کرنے کا حکم دیا ہے وہ مقصد پورا کرنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ اس خدا کے لئے وہ خالص دل پیدا کرنا ضروری ہے جس میں اس کی رضا کے حصول کا مقصد کوٹ کوٹ کر بھرا ہو اور جس میں خالصۃً للہ حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کا جذبہ بھی موجزن ہو۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو دنیا میں خدا تعالیٰ کا گھر بنائے گا۔ خدا تعالیٰ اس کے بدلے جنت میں اس کے لئے گھر بنادے گا۔

حضور انور نے فرمایا ہماری بیوت اس تعلیم کا پرچار کرنے والی ہیں جو پیار و محبت اور صلح کی بنیاد ڈالنے والی ہے۔ ہم تو ہر حال میں صلح کا ہاتھ بڑھاتے ہوئے دنیا کو امن دینے کے خواہشمند ہیں۔ ہماری بیوت تو صرف خدائے واحد کی عبادت کا حق ادا کرنے کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ ہم میں سے ہر احمدی کے قول وعمل سے اس بات کا اظہار ہونا چاہئے کہ وہ محبتوں کا علمبردار ہے۔ دلوں کو جوڑنے والا ہے، فتنہ وفساد کو دنیا سے عمومی طور پر ختم کرنے والا اور رحماء بینھم کا عملی اظہار کرنے والا ہے۔ تبھی یہ بیت ہمارے اس مقصد کو پورا کرنے والی ہوگی۔ جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے اور تبھی ہماری دعوت الی اللہ دوسروں پر اثر کرنے والی ہوگی۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے اور اس کو راضی کرنے کے لئے جو شخص ایک بدی سے بچتا ہے اس کو متقی کہتے ہیں۔ قرآن کریم تقویٰ کی تعلیم دیتا ہے اور یہی اس کی علت غائی ہے۔ پس ہر احمدی کو کوشش کرنی چاہئے کہ اس بیت کی تعمیر کے ساتھ، تقویٰ کے ساتھ خالص اللہ تعالیٰ کا ہو کر اپنی نمازوں کی ادائیگی کی کوشش کرے اور آپس میں پہلے سے بڑھ کر پیار، محبت اور بھائی چارے کے تعلقات پیدا کرے۔

حضور انور نے فرمایا جو آیت شروع میں، میں نے تلاوت کی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے لئے دو اہم حکم عطا فرمائے ہیں۔ ان میں سے پہلا حکم نمازوں کا قیام ہے اور دوسرا حکم خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرنا ہے۔ عجیب تصرف الٰہی ہے کہ ہارٹلے پول کی بیت کا جب افتتاح ہوا تو اس وقت بھی تحریک جدید کے نئے سال کا آغاز ہو رہا تھا اور آج بھی اس بیت کے افتتاح کے ساتھ تحریک جدید کے نئے سال کا آغاز ہو رہا ہے۔ تحریک جدید کے منصوبے سے احمدیت کا پیغام پہلے سے زیادہ بڑھ کر اور شان کے ساتھ ہندوستان سے باہر کے ممالک میں پھیلا۔ آج تمام دنیا میں جماعتی ترقیات اصل میں اسی تحریک جدید کا ثمرہ ہیں۔ پس آج آپ کو ایک جوش کے ساتھ دعوت الی اللہ اور مالی قربانیاں کرنے کی ضرورت ہے اور یہی حقیقی شکرانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود کی جماعت کو ہمیشہ ایسی قربانی کرنے والی عورتیں، مرد، بچے اور بوڑھے عطا فرماتا چلا جائے جو دنیا کی بجائے آخرت پر نظر رکھتے ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطبہ جمعہ دو بجے تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز جمعہ ونماز عصر جمع کر کے پڑھائیں اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ نماز جمعہ پر بیت کے تمام ہال بھر گئے تھے۔ باہر لگی ہوئی مارکی میں بھی احباب نے نماز ادا کی۔ حاضری دو ہزار کے لگ بھگ تھی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد انتظامیہ کی طرف سے تمام احباب مرد وخواتین اور بچوں میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

پروگرام کے مطابق پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت المہدی تشریف لائے اور نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی سے قبل ان تمام کام کرنے والے والنٹیئرز کو شرف مصافحہ بخشا جو نماز کی ادائیگی کے بعد شیفیلڈ (Sheffield) کے لئے روانہ ہونے والے تھے۔ جہاں اگلے روز بیت العافیت کے افتتاح کی تیاری کرنی تھی اور بعض امور پایہ تکمیل تک پہنچانے تھے۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نمازیں مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے بذریعہ کار بریڈفورڈ شہر کے نچلے حصہ میں تشریف لے گئے۔ جہاں سے رات کے وقت بیت المہدی کا بڑا خوبصورت نظارہ نظر آتا ہے۔ بیت المہدی کو خوبصورت روشنیوں سے سجایا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کیمرہ سے ان مناظر کی تصاویر بنائیں۔

تقریب عشائیہ

آج پروگرام کے مطابق ساڑھے چھ بجے بیت المہدی کے سب سے نچلے ہال میں ایک تقریب عشائیہ (Reception) کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں شہر کی سرکردہ شخصیات مدعو تھیں۔

بیت المہدی کے افتتاحی پروگراموں کے تعلق میں آج کی اس خصوصی تقریب میں بریڈفورڈ کی ڈپٹی لارڈ میئر ہوارن حسین، ڈپٹی لارڈ لیفٹیننٹ ڈاکٹر رمیندر سنگھ MBE چار ممبران پارلیمنٹ، دو یورپئین ممبران پارلیمنٹ، مقامی پولیس کے سربراہ علاقہ کے سب سے سینئر جج سٹیفن گلک، مجسٹریٹ کورٹ کی چیئرمین، تین سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ راہنما، یہودی معابد کا چیئرمین، سکھ کمیونٹی کا چیئرمین، ہندو مندر کا سیکرٹری، برطانیہ کا پہلا ایشیائی لارڈ میئر محمد عجیب اور دیگر مختلف مذاہب کے نمائندے، ڈاکٹرز، پروفیسرز، وکلاء حضرات اور دیگر ممتاز کاروباری شخصیات اور دوسرے پیشہ ور افراد بڑی تعداد میں شامل ہوئے۔ مجموعی طور پر مہمانوں کی تعداد 130 تھی۔

حضور انور کی آمد سے قبل تمام مہمان اپنی نشستوں پر بیٹھ چکے تھے۔ ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جونہی ہال میں تشریف لائے۔ تمام مہمان احتراماً کھڑے ہوگئے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت بعض مہمانوں سے گفتگو فرمائی۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم نسیم باجوہ صاحب مربی سلسلہ بریڈفورڈ نے کی۔ بعدازاں اس کا انگریزی ترجمہ عدنان احمد صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد پروگرام کے مطابق مکرم بلال ایٹکنسن صاحب ریجنل امیر نارتھ ایسٹ نے اپنے ایڈریس میں جماعت احمدیہ بریڈفورڈ کا تعارف پیش کیا۔ آپ نے بتایا کہ بریڈفورڈ جماعت کا باقاعدہ قیام 46 سال قبل 1962ء میں ہوا۔ جب اس وقت کے امام بیت فضل لندن چوہدری رحمت خان صاحب نے اپنے دورہ یارکشائر کے دوران بریڈفورڈ میں باقاعدہ جماعت قائم کی اور یہ لندن سے باہر پہلی باقاعدہ

جماعت تھی۔

بعدازاں امیر صاحب یوکے نے جماعت کا تعارف پیش کیا۔اس کے بعد مقامی ممبر پارلیمنٹ ٹیری رونی نے اپنا ایڈریس پیش کیا۔موصوف نے جماعت احمدیہ کی بہت تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آج اس تاریکی کے دور میں جماعت احمدیہ روشنی کی طرح ہے۔موصوف نے جماعت احمدیہ بریڈفورڈ کی تعریف کی اور جماعت کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایک لمبے عرصے سے جماعت احمدیہ بریڈفورڈ مختلف اقوام کو قریب لانے میں ایک نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ موصوف نے اس خوبصورت بیت کی تعمیر پر خوشی کا اظہار کیا اور حضور انور کو خوش آمدید کہا اور بیت کی تعمیر پر مبارکباد پیش کی۔

بریڈفورڈ کی ڈپٹی لارڈ میئر ہوارن حسین نے اپنے ایڈریس میں حضور انور کو صد سالہ خلافت جوبلی کی خاص مبارکباد دی اور بیت کی تعمیر کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بریڈفورڈ میں جماعت احمدیہ کا بہت مثبت کردار ہے۔ جماعت مختلف کمیونٹیز کو اکٹھا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔موصوفہ نے کہا کہ میں جب بھی صبح اپنے کام پر جاتی ہوں تو مجھے بیت کا خوبصورت نظارہ نظر آتا ہے اور مجھے خوشی ہوتی ہے۔اس موقعہ پر محترمہ نے حضور انور کی خدمت میں بریڈفورڈ شہر کی طرف سے ایک تحفہ پیش کیا۔

حضور انور کا خطاب

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حاضرین سے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد، تعوذ کے بعد تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا کہ وہ اس خصوصی تقریب کے لئے تشریف لائے۔

حضور انور نے فرمایا اس بیت کی تعمیر کے ابتداء میں بعض لوگوں کی طرف سے جن میں بعض ......بھی تھے۔خدشات کا اظہار کیا گیا تھا۔حضور انور نے فرمایا بدقسمتی سے......بعض نے اپنی بہیمانہ حرکات کی وجہ سے ......کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ اپنے سیاسی عزائم کی خاطر......کا نام استعمال کرتے ہیں۔

احمدی بیوت کا ذکر کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا وہ احباب جو ہمیں جانتے ہیں ان کو بخوبی علم ہے اور وہ اس بات کے گواہ ہیں کہ جماعت احمدیہ ایک جماعت کی حیثیت سے ہمیشہ امن، پیار اور محبت کا پیغام پھیلاتی ہے۔ہم جہاں بھی بیوت تعمیر کرتے ہیں وہ صرف ایک خدا کی عبادت کرنے کے لئے تعمیر کی جاتی ہیں اور اس بیت کی تعمیر کا بھی اصل مقصد یہی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ نے فرمایا وہ لوگ جو ......کو الزام دیتے ہیں کہ وہ مساوات کا درس نہیں دیتا وہ نمونہ کے لئے ......میں ......کو دیکھیں۔اصل......میں ہر فرد کو مساوی حیثیت حاصل ہے خواہ وہ کتنا ہی امیر ہو یا غریب۔ ہر فرد کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور نماز کے وقت ہر فرد ایک ہی صف میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے۔ یہ مساوات معاشرے میں پائی جانے والی تمام گروہ بندیوں کو ختم کر دیتی ہے۔ اور لوگوں کو متحدہ کر دیتی ہے تاکہ زندگی کے تمام مراحل میں ایک دوسرے کے احترام کا درس دے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کی انسانیت کے لئے خدمات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جماعت کی ایک تنظیم ہیومینیٹی فرسٹ جو برطانیہ میں چیریٹی آرگنائزیشن کے طور پر رجسٹرڈ ہے۔افریقہ کے دور دراز علاقوں میں صاف پینے کا پانی مہیا کر رہی ہے۔ ضرورتمندوں کو سر چھپانے کے لئے گھر اور بیماروں کو فری میڈیکل سروس بہم پہنچا رہی ہے۔اسی طرح جماعت کے ممبران بڑی محنت اور خلوص کے ساتھ قومی اور بین الاقوامی چیریٹی اداروں کی مدد کر رہے ہیں تاکہ ضرورتمندوں کو ضروری امداد پہنچائی جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آخر پر حاضرین کو یہ یقین دلایا کہ یہ بیت ہمیشہ نیک کاموں کے لئے روشنی کا گھر رہے گی۔ ہم کبھی بھی یہ سوچ بھی نہیں سکتے کہ ہماری بیوت سے نفرتوں کے شعلے، بدی، سازشیں یا ظلم کی آگ بھڑکے گی۔ بلکہ یہاں سے تو ہمیشہ محبت، پیار، صلح اور خیر کا پیغام جائے گا۔فرمایا میں جماعت احمدیہ کی طرف سے اس شہر کے ہر فرد کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہر احمدی اپنی بساط کے مطابق یہ پوری کوشش کرے گا کہ وہ امن کے قیام میں پورا تعاون کرے اور یہ بیت امن، بھائی چارہ اور پیار کی محافظ بنے گی انشاءاللہ۔

خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مختلف مہمانوں کو تحائف عطا فرمائے اور بعدازاں دعا کروائی۔ جس کے بعد مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

مہمانوں کے تاثرات

کھانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مہمانوں کو شرف ملاقات عطا فرمایا۔مہمان باری باری حضور انور کے پاس تشریف لاتے، شرف مصافحہ حاصل کرتے اور حضور انور ان سے گفتگو فرماتے، ہر مہمان حضور انور سے مل کر بہت خوش تھا۔ بعض مہمانوں نے درخواست کر کے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوائی۔ ڈپٹی لارڈ میئر اپنے دو بچوں کو ساتھ لائی تھی۔ موصوفہ نے حضور انور سے بچوں کا تعارف کروایا اور ان کے لئے دعا کی درخواست کی۔ سکھ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے مہمانوں نے حضور انور سے ملاقات کے دوران کہا کہ حضور! ہم آپ کو روزانہ TV پر دیکھتے ہیں اور بڑی خوشی ہوتی ہے۔

☆ایک مہمان نے کہا کہ ہم بچوں کو بٹھا کر حضور کی بچوں کے ساتھ کلاسز دکھاتے ہیں۔

☆ بعض سرکردہ انگریز مہمانوں نے کہا کہ حضور انور نے آج جو خطاب فرمایا ہے اس کی بہت ضرورت تھی اگر ہم اس تعلیم پر عمل پیرا ہوں تو دنیا کے سارے مسئلے حل ہو جائیں۔

☆مہمانوں نے بیت کی بہت تعریف کی اور اکثر نے کہا کہ یہ بہت خوبصورت ہماری نظروں کے سامنے بنی ہے اور شہر سے گزرتے ہوئے نظر آتی ہے۔

☆ایک ممبر یورپیئن پارلیمنٹ کی اہلیہ حال ہی میں اپنے انڈیا کے سفر کے دوران قادیان سے ہو کر آئی ہے۔ موصوفہ نے حضور انور کو بتایا کہ قادیان قیام کے دوران مجھے بے حد عزت دی گئی۔ میرے دل میں اہل قادیان کی بہت قدر ہے۔ میں ایک وفد لے کر دہلی گئی تھی اور پھر قادیان بھی گئی تھی۔ حضور انور نے فرمایا۔ ہم دوبارہ آپ کو قادیان آنے کی دعوت دیتے ہیں۔

رات نو بجے یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ جس کے بعد پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ رات قیام کے لئے محترمہ سلمیٰ مبارکہ خان صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر سعید احمد خان صاحب مرحوم کے گھر Gomersal تشریف لے گئے۔ ڈاکٹر سعید احمد خان صاحب مرحوم کا گھر بیت المہدی سے پندرہ سے بیس منٹ کی مسافت پر ہے۔

میڈیا کوریج

بیت المہدی بریڈفورڈ کے افتتاح کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے میڈیا میں غیر معمولی Coverage ملی ہے۔ جہاں BBC ٹیلیویژن اور مقامی بی بی سی ریڈیو نے Live نشریات دیں۔ وہاں سن رائز ریڈیو نے نصف گھنٹہ کا پروگرام پیش کیا اور پھر ہر گھنٹے کے بعد نمایاں طور پر بیت کی خبر دی۔

بی بی سی ریڈیو نے بیس منٹ کا پروگرام پیش کیا اور اپنے صبح شام کے پروگراموں میں بیت کے افتتاح کی خبر کو نمایاں طور پر جگہ دی۔

Pulse Radio اور Real Radio نے بھی اپنی ہر گھنٹے کی خبروں میں حضور انور کے دورہ بریڈفورڈ اور بیت کے افتتاح کی خبر دی۔

اسی طرح بی بی سی ایشین ریڈیو نے بھی یہ خبر نمایاں طور پر دی۔

پرنٹ میڈیا میں مقامی اخبار Telegraph & Argus نے اپنی 8 نومبر کی اشاعت میں نمایاں طور پر خبر دی اور حضور انور کی تصویر شائع کی۔ بیت المہدی کی تصویر بھی شائع کی۔

اس اخبار نے یہ سرخی لگائی۔

روحانی سربراہ کے ذریعہ......کا افتتاح

......ایسوسی ایشن نے اس......کی تعمیر کے لئے 2.5 ملین پاؤنڈز اکٹھے کئے۔ شہر کی تمام کمیونٹیز کے لئے یہ......کھلی ہے۔

اخبار نے لکھا کہ اڑھائی ملین پاؤنڈز سے بریڈفورڈ میں تعمیر ہونے والی......کی آفیشل افتتاحی تقریب میں دو ہزار سے زائد افراد شامل ہوئے۔ المہدی...... جو Ress Way پر ہے کی تعمیر میں دو سال کا عرصہ لگا۔ اس ...... کا باقاعدہ افتتاح کل جماعت احمدیہ عالمگیر کے سپریم لیڈر حضرت مرزا مسرور احمد نے کیا۔

اس افتتاحی تقریب کی کوریج اور خطبہ جمعہ ٹیلیویژن احمدیہ کے ذریعہ دنیا کے دوسو ممالک میں نشر ہوا۔

یہ مرکز باقاعدہ......کے طور پر تعمیر ہونے والی اس شہر کی بڑی......میں سے ایک ہے جس میں دو ہزار سے زائد افراد عبادت کر سکتے ہیں۔ اس ...... کا آٹھ میٹر اونچا گنبد اور ایک بڑا ہال ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ تمام کمیونٹیز کے لوگ یہاں آئیں گے۔

بریڈفورڈ کی احمدیہ برانچ کے صدر ڈاکٹر باری ملک نے کہا کہ...... کے دروازے ہر ایک کے لئے کھلے ہیں۔ ہم اپنی جماعت کے ذریعہ بریڈفورڈ کے لئے ہر ممکن خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ افتتاح کی تقریب بڑی عمدگی سے انجام پائی سارے ملک سے لوگ اس میں شامل ہوئے یہاں تک کہ پاکستان، کینیڈا اور جرمنی سے بھی بعض لوگ اس تقریب میں شامل ہونے کے لئے آئے۔ یہ امر ہر ایک کے لئے خوشی اور مسرت کا دن تھا۔ اب ہمارے پاس ایک خوبصورت ......ہے جو سارے بریڈفورڈ سے نظر آتی ہے۔

لوگ اپنے روحانی پیشوا کے لئے استقبالیہ گیت گا رہے تھے جس ...... کے افتتاح کے لئے تشریف لائے تھے۔

بریڈفورڈ

بریڈفورڈ کا شہر برطانیہ کے شمال میں واقع ہے۔ لندن سے اس کا فاصلہ 216 کلومیٹر ہے اور یہ دو لاکھ 93 ہزار کی آبادی پر مشتمل ہے اور Textile کی صنعت کی وجہ سے یوکے کا اہم شہر ہے۔ یہاں پاکستانی ایک بہت بڑی تعداد میں آباد ہیں۔

اس شہر میں جماعت کا قیام سال 1962ء میں عمل میں آیا اور مکرم منصور احمد صاحب اس جماعت کے پہلے صدر مقرر ہوئے۔ ابتداء میں ان کا گھر ہی جماعت کے سنٹر کے طور پر تھا۔

1967ء اور پھر 1973ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اپنے دورہ یورپ کے دوران بریڈفورڈ تشریف لائے۔ 1975ء میں یہاں امین اللہ خان سالک صاحب کا بطور مربی تقرر ہوا۔ سال 1979ء میں بریڈفورڈ جماعت نے مشن ہاؤس اور بیت کے لئے اپنا پہلا سنٹر 393 Leeds Road پر خریدا۔ 1980ء میں 2/اکتوبر کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے دورہ کے دوران اس نئے سنٹر کا افتتاح فرمایا اور اس کا نام بیت الحمد رکھا۔ 1982ء اور 1989ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اپنے دورہ یورپ کے دوران بریڈفورڈ تشریف لائے۔ 1999ء میں جماعت کو اللہ تعالیٰ نے بریڈفورڈ شہر کی سب سے اونچی جگہ پر بیت تعمیر کرنے کے لئے ایک قطعہ زمین عطا فرمایا۔

2/اکتوبر 2004ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بریڈفورڈ میں پہلی باقاعدہ احمدیہ بیت کا سنگ بنیاد رکھا۔ حضور انور نے

اس بیت کا نام بیت المہدی رکھا۔

افتتاحی تقریب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ دیر کے لئے جماعت کے سنٹر بیت الحمد تشریف لے گئے اور نماز ظہر وعصر پڑھائیں۔

بریڈفورڈ کی جماعت نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے غیر معمولی طور پر ترقی کی ہے اور اب جماعت کی تعداد اتنی بڑھ چکی ہے کہ اس جماعت کو دو جماعتوں بریڈفورڈ ساؤتھ اور بریڈفورڈ نارتھ میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور دونوں جماعتوں کے علیحدہ صدران اور مجالس عاملہ ہیں۔ بیت کی تعمیر سے جماعت میں ایک غیر معمولی جوش اور جذبہ ہے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آمد سے ان کے عزم اور حوصلے بلند ہوئے ہیں اور حضور انور کے مبارک قدموں نے اس شہر کو برکت بخشی ہے۔ اب انشاء اللہ ایک نئے عزم کے ساتھ یہ جماعتیں غیر معمولی ترقی کے ساتھ آگے بڑھیں گی اور کامیابیوں کے لئے میدان ان کے قدم چومیں گے۔

8 نومبر 2008ء

صبح سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی رہائش گاہ سے بیت المہدی تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پروگرام کے مطابق ساڑھے گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت المہدی تشریف لائے اور بیت کے بیرونی گیٹ کے قریب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے پودا لگایا۔ بعدازاں حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے بھی ایک پودا لگایا اس کے بعد حضور انور نے بیت سے ملحقہ لائبریری کا معائنہ فرمایا اور ہدایت دی کہ قادیان میں جو کتب شائع ہوئی ہیں وہ سب اس لائبریری میں رکھیں۔ انوار العلوم کا سیٹ بھی منگوائیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ باقی یو۔کے کی جماعتی لائبریریز میں بھی یہ تمام کتب منگوا کر رکھیں۔

پھر حضور انور بیت کے اوپر والے ہال میں تشریف لے گئے اور MTA کے سٹوڈیو آفس اور آڈیو ویڈیو کے کمرہ کا معائنہ فرمایا اور یہاں کام کرنے والے نوجوانوں کو شرف مصافحہ بخشا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت کے مردانہ ہال میں تشریف لے آئے جہاں مجالس عاملہ جماعت بریڈفورڈ نارتھ وساؤتھ مجلس عاملہ انصاراللہ وخدام الاحمدیہ، واقفین نو، تعمیر بیت کمیٹی اور شعبہ آڈیو ویڈیو کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

ملاقات

بعدازاں حضور انور نے احباب جماعت بریڈفورڈ کو شرف مصافحہ عطا فرمایا اور بچوں کو ازراہ شفقت چاکلیٹ عطا فرمائیں۔ احباب جماعت صبح سے ہی اس سعادت کے حصول کے لئے بیت میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے اور ان کے چہرے خوشی ومسرت سے معمور تھے۔ بریڈفورڈ ساؤتھ اور بریڈفورڈ نارتھ کی جماعتوں کے صدران سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ یہ بیت کس علاقہ میں ہے۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ یہ بریڈفورڈ نارتھ کی جماعت میں ہے۔ حضور انور نے فرمایا اب ساؤتھ کے علاقے میں بھی بیت بنی چاہئے۔

احباب جماعت سے مصافحہ کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک صومالین دوست سے پوچھا کہ آپ کب احمدی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال مارچ میں سارے خاندان نے بیعت کی ہے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت اس کے بچوں کے بارہ میں بھی دریافت فرمایا۔

حضور انور نے احباب جماعت کو شرف مصافحہ عطا کرنے کے بعد تعمیر بیت کمیٹی کے ممبران اور وقار عمل میں حصہ لینے والے احباب اور قائد خدام الاحمدیہ اور زعیم انصاراللہ کو تحائف عطا فرمائے۔

بعدازاں سوا بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خواتین کے ہال میں تشریف لے گئے اور مستورات کو شرف ملاقات عطا فرمایا۔ حضور انور نے ازراہ شفقت ہر عورت اور بچی کو وقت دیا اور ان کے حالات دریافت فرمائے۔ بچیوں نے نظمیں پیش کیں۔ حضور انور نے ازراہ شفقت بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

ہڈرزفیلڈ آمد

پونے ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ پروگرام کے مطابق یہاں سے ہڈرزفیلڈ (Huddersfield) کے لئے روانگی ہوئی۔ بریڈفورڈ سے ہڈرزفیلڈ کا فاصلہ 16 کلومیٹر ہے۔ قریباً نصف گھنٹہ کے سفر کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ ہڈرزفیلڈ کے نئے سنٹر بیت التوحید پہنچے۔ جہاں احباب جماعت مرد وخواتین نے حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور اس نئے سنٹر کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔

اس جگہ کا کل رقبہ 1.5 ایکڑ ہے اور اس پر ایک بلڈنگ بنی ہوئی ہے اس بلڈنگ کے مسقّف حصہ کا رقبہ 380 مربع میٹر ہے۔ یہ عمارت دو منزلہ ہے۔ اوپر اور نیچے دونوں جگہ ہال ہیں۔ جن کو نمازوں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دفاتر کے لئے کمرے بھی موجود ہیں۔ کچن اور باتھ رومز وغیرہ کی سہولت بھی حاصل ہے۔ اس عمارت کے سامنے ایک کھلا پارک ہے۔ جو کھیلنے کے لئے گراؤنڈز ہیں۔

یہ عمارت چار لاکھ تین ہزار پاؤنڈز میں خریدی گئی۔ اب اس جگہ بیت کی تعمیر کا پروگرام ہے۔ جو اس عمارت کے ساتھ کھلے احاطہ میں تعمیر ہوگی۔ اس عمارت کے معائنہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔

عمارت کے ایک حصہ میں خواتین کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور کچھ دیر کے لئے خواتین کی طرف بھی تشریف لے گئے۔ خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

بعدازاں مجلس عاملہ ہڈرزفیلڈ، تعمیر بیت کمیٹی کے ممبران اور وقار عمل کرنے والے خدام نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

ہڈرزفیلڈ سے پولیس کی ایک گاڑی نے بریڈفورڈ جا کر بیت المہدی سے ہڈرزفیلڈ آنے تک حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی گاڑی کو Escort کیا تھا۔ پولیس کے ان افسران نے بھی حضور انور کے ساتھ تصویر بنوائی اور حضور انور کی خدمت میں پولیس کی طرف سے تحفہ پیش کیا۔

بیت الصمد میں آمد

مقامی جماعت نے دوپہر کے کھانے کا انتظام اسی جگہ پر کیا تھا۔ پروگرام کے مطابق کھانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جماعت ہڈرزفیلڈ کے پہلے مشن ہاؤس بیت الصمد تشریف لے گئے جہاں نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا۔ پولیس کی گاڑی نے قافلے کو Escort کیا۔

اڑھائی بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الصمد میں نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تمام احباب جماعت کو شرف مصافحہ سے نوازا اور بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

مانچسٹر سے آنے والے احباب نے بھی حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان احباب سے فرمایا اب آپ بھی بیت بنائیں۔ پھر میں وہاں آؤں گا۔

بعدازاں حضور انور کچھ دیر کے لئے لجنہ کی طرف تشریف لے گئے جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا اور بچیوں نے ترانے اور نظمیں پیش کیں۔ حضور انور نے ازراہ شفقت بچیوں کو بھی چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

ایک پولیس کے دوست نے عرض کیا کہ حضور میرے بچوں کے لئے چاکلیٹ عطا فرمائیں۔ حضور انور نے ازراہ شفقت اپنی مٹھی بھر کر اس کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

شیفیلڈ آمد

اب یہاں سے آگے شیفیلڈ (Sheffield) کے لئے روانگی تھی۔ تین بجکر دس منٹ پر حضور انور نے دعا کروائی اور قافلہ شیفیلڈ کے لئے روانہ ہوا۔

